بچے کا نام "عارش" رکھنا

مجیب: ابوالفیضان مولانا عرفان احمد عطاری

فتوی نمبر: WAT-3461

تاریخ اجراء: 09رجب المرجب1446ھ/10جنوری2025ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

عارش نام رکھنا کیسا؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

عارش کا معنی ہے:"بنانے والا۔"اب مختلف چیزوں کے تعلق سے مختلف معنی بنے گا، مثلا: جانوروں کا باڑا بنانے والا، چھپر بنانے والا، تخت بنانے والا وغیرہ۔"ان معانی کے لحاظ سے یہ نام رکھنا شرعاً جائز ہے، البتہ بہتر یہ ہے کہ بیٹے کا نام اولاً محمد رکھا جائے کہ احادیث طیبہ میں نامِ محمد کے فضائل وارد ہوئے ہیں اور پھر پکارنے کے لئے نیک ہستیوں مثلاً انبیائے کرام، صحابہ کرام، اولیائے عظام کے ناموں میں سے کسی نام کا انتخاب کیا جائے کہ حدیث مبارکہ میں نیک لوگوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب دلائی گئی ہے۔

تفسیر نیسابوری میں ہے"العرش لغة هو البناء والعارش الباني "ترجمہ: عرش کا لغوی معنی بناء ہے اور عارش کا معنی بنانے والا۔(تفسیر نیسابوری، ج3، ص252، دار الکتب العلمیة، بیروت)

قاموس الوحید میں ہے"عرش فلان عرشا: جانوروں کا باڑا بنانا، ٹٹی (چھپر وغیرہ) بنانا، بالمکان، عروشا: قیام کرنا، العرش: تخت بنانا۔(القاموس الوحید، صفحہ 1065، مطبوعہ لاہور)

محمد نام رکھنے کی فضیلت:

کنز العمال میں روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:"من ولد له مولود ذكر فسماه محمدا حبالي وتبركا باسمي كان هو ومولوده في الجنة"ترجمہ: جس کے ہاں بیٹا پیدا ہوا اور وہ میری محبت اور میرے نام سے برکت حاصل کرنے کے لئے اس کا نام محمد رکھے تو وہ اور اس کا بیٹا دونوں جنت میں جائیں گے۔(کنز العمال، ج16، ص422، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت)

ردالمحتار میں مذکورہ حدیث کے تحت ہے"قال السیوطي: هذا أمثل حدیث ورد في هذا الباب وإسناده حسن"ترجمہ: علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ نے فرمایا: جتنی بھی احادیث اس باب میں وارد ہوئیں، یہ حدیث ان سب میں بہتر ہے اور اس کی سند حسن ہے۔(ردالمحتار علی الدر المختار، کتاب الحظر والاباحۃ، ج6، ص417، دارالفکر، بیروت)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے:"تسموا بخیارکم" ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔(الفردوس بماثور الخطاب، جلد2، صفحہ58، حدیث2328، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات اور بچوں اور بچیوں کے اسلامی نام حاصل کرنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی جاری کردہ کتاب "نام رکھنے کے احکام" کا مطالعہ کیجئے۔ نیچے دیئے گئے لنک سے آپ اس کتاب کو ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم